## ایم کیوایم کو طالبان سے ملانے والے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کو اپنے گریبانوں میں جھانکنا چاہیے جو چندروز قبل تک طالبان کا مقدمہ لڑ رہے تھے۔ارکان سندھ اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

## ایم کیوایم ، اے این پی کی طرح منافقت نہیں کرتی کہ طالبان کی طرف سے حملے ہونے پر اپنی جانیں بچانے کیلئے اپنا نام نہاد سیکولرازم چھوڑ دے اور نہ صرف یہ کہ طالبان کے آگے سر جھکا دے بلکہ طالبان کا مقدمہ لڑنے لگے

## کل تک طالبان کا مقدمہ لڑنے والے اور طالبان سے معاہدے کی حمایت کرنے والے اے این پی کے رہنماء آج طالبان کے خلاف بڑی بڑی باتیں کررہے ہیں

کراچی۔۔۔30 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کو طالبان سے ملانے والے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کو اپنے گریبانوں میں جھانکنا چاہیے جو چندروز قبل تک طالبان کا مقدمہ لڑ رہے تھے اور جنہوں نے نظام عدل ریگولیشن کے نام پر سوات اور صوبہ سرحد کے دیگر علاقے طالبان کے حوالے کر دیئے تھے۔عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر سینیٹر حاجی عدیل کے اس بیان پر کہ ''ایم کیوایم اور طالبان میں کوئی فرق نہیں ہے'' تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات تو پوری دنیا جانتی ہے کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جو طالبان اور طالبانائزیشن کے خلاف ہے اور ایم کیوایم ہی کے ڈٹ جانے کی وجہ سے پورے ملک میں طالبان کے خلاف فضاء قائم ہوئی۔ایم کیوایم ، اے این پی کی طرح منافقت نہیں کرتی کہ طالبان کی طرف سے حملے ہوں تو اپنی جانیں بچانے کیلئے اپنا نام نہاد سیکولرازم چھوڑ دے اور نہ صرف یہ کہ طالبان کے آگے سر جھکا دے بلکہ طالبان کا مقدمہ لڑنے لگے اور طالبان سے نظام عدل کا معاہدہ کر کے سوات ، دیر ، بونیر اور شانگلہ کے سادہ لوح عوام کو درندہ صفت طالبان کے رحم وکرم پر چھوڑ دے اور خود پوری قیادت اسلام آباد کے بنگلوں میں آرام سے بیٹھ جائے۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ آج جب ایم کیوایم کی جراتمندی کی وجہ سے پوری قوم درندہ صفت طالبان کے خلاف ایک آواز ہو چکی ہے تو کل تک طالبان کا مقدمہ لڑنے والے اور طالبان سے معاہدے کی حمایت کرنے والے اے این پی کے رہنماء آج طالبان کے خلاف بڑی بڑی باتیں کررہے ہیں۔

## ریاض احمد خان، تہذیب الحسن، محترمہ سیدہ آمنہ خاتون اور عبدالغفار نوحانی بلوچ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔30، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ C-133 کے بزرگ کارکن ریاض احمد خان ، ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن تہذیب الحسن ، سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی وکیل احمد جمالی کی والدہ محترمہ سیدہ آمنہ خاتون اور ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یوسی 5 کے کارکن مولانا بخش نوحانی کے بھانجے وسوات میں دہشت گردوں سے لڑتے ہوئے شہید ہونے والے پاکستان آرمی کے سپاہی عبدالغفار نوحانی بلوچ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30، مئی 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن تہذیب الحسن ، سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی وکیل احمد جمالی کی والدہ محترمہ سیدہ آمنہ خاتون ، ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یوسی 5 کے کارکن مولانا بخش نوحانی کے بھانجے وسوات میں دہشت گردوں سے لڑتے ہوئے شہید ہونے والے پاکستان آرمی کے سپاہی عبدالغفار نوحانی بلوچ ، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن غلام دستگیر کی والدہ محترمہ بسم اللہ بی بی ، ایم کیوایم سائٹ ٹاؤن سیکٹر یوسی 5 کے کارکن ایوب درانی کے والد صابر خان درانی ، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 58 کے کارکن ارشاد علی کے والد مطلوب علی اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے کارکن محمد عتیق کی والدہ محترمہ شمیم اختر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومی کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اوسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)۔

## مسلح ڈاکوؤں نے ڈکیتی کی واردات کے دوران ایم کیو ایم کے بزرگ کارکن ریاض احمد خان کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا

## ریاض احمد خان کے بہیمانہ قتل اور ان کے گھر میں ڈکیتی میں ملوث سماج دشمن عناصر فی الفور گرفتار کئے جائیں، رابطہ کمیٹی کا واقعہ پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔30 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ C-133 کے بزرگ کارکن ریاض احمد خان کو گھر میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت کرنے پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔ ریاض احمد خان کے گھر ڈکیتی کرنے والے چار مسلح افراد تھے جنہوں نے ایک گھنٹہ تک گھر والوں کو یرغمال بنا کر لوٹ مار کی اور مزاحمت کرنے پر ریاض احمد خان کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ شہید کی عمر 65 سال تھی، ان کے سوگواران میں چار بہنیں، دو بھائی اور بیوہ شامل ہیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ریاض احمد خان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قرارواقعی سزا دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے ریاض احمد خان شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیاں، زبردست گہما گہمی

## مخیّر حضرات اور عوام روزانہ کی بنیاد پر امدادی سامان اور عطیات جمع کرا رہے ہیں

کراچی۔۔۔30 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے جسکے باعث فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں زبردست گہما گہمی دکھائی دے رہی ہے۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن نے صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ علاقوں میں مسلح افواج کے آپریشن کے بعد سے ہی متاثرہ خاندانوں کیلئے اپنی امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا تھا جس کا سلسلہ ابھی جاری ہے۔ مخیّر حضرات، نوجوانون، بزرگوں، خواتین اور بچوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد روزانہ کی بنیاد پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں اپنے عطیات جمع کرا رہے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ امدادی سرگرمیوں کا جائزہ بھی لے رہے ہیں۔ مخیّر حضرات اور عوام نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جاری امدادی سرگرمیوں کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

☆☆☆☆☆